اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور

پریس ریلیز

اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور کے ایک اعلان کے مطابق بی اے/ بی ایس سی دوسرے سالانہ امتحان 2019ء کے نتائج کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ **دوسرے سالانہ امتحان 2019ء کے فیل شدہ امیدواران مندرجہ ذیل شیڈول کے مطابق امتحانی فیس ادا کر کے پہلے سالانہ امتحان 2020ء میں شرکت کر سکتے ہیں۔** مذکورہ امتحان انشااللہ مورخہ یکم اپریل 2020ء بروز بدھ سے شروع ہوگا۔ اس امتحان میں شرکت کرنے والے امیدواروں سے داخلہ فیس و داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخیں درج ذیل ہیں۔

داخلہ فیس برائے پرائیویٹ و بیرونی/ کالجوں کے سابقہ امیدواران

۱۔	بغیر لیٹ فیس کے ساتھ فارم و فیس وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	30 جنوری 2020ء بروز جمعرات
۲۔	لیٹ فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کے آخری تاریخ	=	10 فروری 2020ء بروز سوموار
۳۔	دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	20 فروری 2020ء بروز جمعرات
۴۔	تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	20 مارچ 2020ء بروز جمعہ
۵۔	داخلہ فیس برائے امتحان بی اے/ بی ایس سی (بغیر پریکٹیکل)	=	-/3000 روپے
۶۔	داخلہ فیس برائے امتحان بی اے/ بی ایس سی (بمعہ پریکٹیکل)	=	-/4000 روپے
۷۔	دوگنا داخلہ فیس برائے امتحان بی اے / بی ایس سی (بغیر پریکٹیکل)	=	-/6000 روپے
۸۔	دوگنا داخلہ فیس برائے امتحان بی اے/ بی ایس سی (بمعہ پریکٹیکل)	=	-/8000 روپے
۹۔	تین گنا داخلہ فیس برائے امتحان بی اے/ بی ایس سی (بغیر پریکٹیکل)	=	-/9000 روپے
۱۰۔	تین گنا داخلہ فیس برائے امتحان بی اے/ بی ایس سی (بمعہ پریکٹیکل)	=	-/12000 روپے
۱۱۔	لیٹ فیس	=	-/2000 روپے

مورخہ 20 مارچ 2020ء بروز جمعہ کے بعد داخلہ فارم قطعاً وصول نہیں کیے جائیں گے۔ اور یونیورسٹی ایسے داخلہ فارم کے متعلق کسی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کرے گی۔ پرائیویٹ و بیرونی/ کالجوں کے سابقہ امیدواران اپنے داخلہ فارم حبیب بینک کی متعلقہ مقامی شاخ سے مقررہ امتحانی فیس جمع کرا کر حاصل کر سکتے ہیں۔ نیز داخلہ فارم یونیورسٹی کی ویب سائیٹ www.iub.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ بھی کیا جا سکتا ہے۔ کالج کے سابقہ طلباء و طالبات کو اپنے داخلہ فارم متعلقہ کالج کے پرنسپل سے تصدیق کرانا ہونگے۔

پرائیویٹ و بیرونی مرد و خواتین امیدوار اپنے داخلہ فارم اور فوٹو یونیورسٹی/ کالج ہذا کے مقرر کردہ پروفیسرز، لیکچرار جن کے نمونہ دستخط شعبہ ہذا میں موجود ہیں سے تصدیق کروانا ہوں گے۔ اگر کسی امیدوار کا داخلہ فارم/ تصاویر ان مقرر کردہ پروفیسرز/ لیکچرار کے علاوہ کسی اور سے تصدیق شدہ موصول ہوئے تو ان کے داخلہ فارم قبول نہیں کیے جائیں گے اور ان کو امتحان میں شمولیت کی اجازت نہ ہوگی۔

(جاری ہے)

بہاولپور، بہاولنگر اور رحیم یار خان اضلاع کے رہائشی مرد اور خواتین اپنے ہی ضلع کی حدود میں قائم کیے گئے امتحانی مراکز میں امتحان دینے کے پابند ہونگے۔ بہاولپور ڈویژن کے باہر کے رہائشی مرد و خواتین امیدواروں کو بہاولپور شہر میں قائم کیے گئے امتحانی مراکز میں امتحان دینا ہوگا۔

بہاولپور ڈویژن میں ضلع/تحصیل/سب تحصیل کی سطح پر حبیب بینک لمیٹڈ کی نامزد برانچوں کے علاوہ ملک کے دیگر شہروں سے داخلہ بھیجنے والے امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ داخلہ فیس کی ادائیگی بذریعہ چیک/ڈرافٹ/پے آرڈر/آن لائن/منی آرڈر قابل قبول نہ ہوگی۔

تمام مرد و خواتین کو جو مذکورہ امتحان میں شرکت کرنا چاہتے ہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے داخلہ فارم کے ہمراہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ، انٹرمیڈیٹ کی سند کی مصدقہ کاپی فراہم کریں تاکہ امتحان میں شریک ہونے کی اہلیت یا نااہلیت کا فیصلہ کیا جا سکے اور اہل امیدواروں کو رول نمبر بروقت ارسال کیے جا سکیں۔ نیز سابقہ امیدوار اپنے سابقہ رولنمبر کا حوالہ (جو کہ آخری مرتبہ جاری ہوا تھا) داخلہ فارم پر ضرور تحریر کریں تاکہ ریکارڈ چیک ہو سکے۔ نیز کالج کے سابقہ طلباء و طالبات کو داخلہ فارم کے ساتھ رجسٹریشن کارڈ کی مصدقہ نقل منسلک کرنا لازمی ہوگا۔

بی اے/بی ایس سی سے متعلق تمام معلومات صرف یونیورسٹی کی ویب سائٹ (www.iub.edu.pk) پر دی جائیں گی

15/1/2020

ڈپٹی کنٹرولر امتحانات

بہاولپور

مورخہ: 15 جنوری 2020